Escorts Investment Bank

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

## ایسکارٹس انویسٹمینٹ بینک لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹسِ ہٰذا کمپنی کے تمام اراکین کو مطّلع کیا جاتا ہے کہ ایسکارٹس انویسٹمینٹ بینک لمیٹڈ کا انتیسواں سالانہ اجلاسِ عام بمقام بحریہ گرینڈ ہوٹل اینڈ ریزورٹ، ایگزیکٹیو لاجز، سیکٹر بی، بحریہ ٹاؤن لاہور 28 اکتوبر، 2024 بروز پیر، صبح 10:00 بجے، درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

عمومی امور:

1) سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 27 اکتوبر، 2023 کے مِنٹس کی منظوری۔

2) 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں مع ڈائریکٹرز رپورٹ، چیرمین کی جائیزہ رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

3) 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بیرونی محاسب (ایکسٹرنل آڈیٹرز) کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات پر میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کے دوبارہ تقرر کی سفارش کی ہے، جنھوں نے تقرری کے لیے اپنی خِدمات پیش کی ہیں۔

خصوصی امور:

4) سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹر کی رپورٹ، اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) کو کمپنی کے ممبران کو QR-enable کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 بشمول ایس آر او (1)389 مورخہ مارچ 21، 2023 کے تحت مندرجہ ذیل شق کی بلا یا با ترمیم منظوری۔

"طے کیا گیا کہ کمپنی کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے CD/DVD/USB کے بجائے کوئیک رسپانس (QR) کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین/حصص یافتگان کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے، نوٹیفکیشن نمبر S.R.O، 2023/(1)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت ترسیل کرے"

دیگر امور

5) اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی پر غور وخوض۔

بحکم بورڈ

Ka___

کامران چغتائی

کمپنی سیکرٹری

لاہور

07 اکتوبر 2024ء

### 1. شیئرز منتقلی کی کتابوں کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 22 اکتوبر 2024ء سے 28 اکتوبر 2024ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ کے استحقاق کے لیے صرف وہی شیئر ٹرانسفرز بروقت تصور ہوں گے جو میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، HM ہاؤس، 7 بینک سکویئر، لاہور میں مورخہ 21 اکتوبر 2024ء بروز پیر، کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہوں گے۔

### 2. اجلاس عام میں شرکت

#### ا) اجلاس میں شرکت

انفرادی صورت کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، کو شرکت کو وقت شناخت کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

۲) کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائیرکٹرز کی قرارداد یا مختارنامہ، نمونہ دستخط نامزد رکن (اگر پہلے فراہم نہ کی گئیں) اجلاس کے وقت پیش کرنے ہوں گے۔

#### ب) پراکسی کا تقرر

i) انفرادی صورت کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائیزڈ شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں گے۔

iii) بینیفشل مالکان کے کمپیوٹرائیزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنی ہوں گی۔

iv) پراکسی میٹنگ کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائیزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ معہ نمونہ کے دستخط پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائے جائیں گے۔

### 3. کھاتوں کی بذریعہ ڈیجیٹل سٹوریج ترسیل

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او 470(I)2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے مطابق 28 اکتوبر 2019 کو ہونے والی کمپنی کی 24 ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے دوران ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کے ممبران نے سالانہ رپورٹس کی ترسیل ہارڈ کاپیوں کی بجائے بذریعہ CD/DVD/USB کے لیے اپنی رضامندی دی تھی جس میں آڈٹ شدہ سالانہ مالی کھاتے اور اس میں موجود دیگر معلومات۔ وہ شیئر ہولڈر جو مذکورہ دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی سیکرٹری/شیئر رجسٹرار کو درخواست بھیج سکتے ہیں ، درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.escortsbank.net / پر دستیاب ہے اور کمپنی مذکورہ دستاویزات شیئر ہولڈرز کو ایک ہفتے کے اندر مفت فراہم کرے گی۔ حصص یافتگان جو سالانہ رپورٹ اور میٹنگز کے نوٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں سے درخواست ہے کہ وہ ایک معیاری درخواست فارم پر اپنی تحریری رضامندی فراہم کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.escortsbank.net پر دستیاب ہے۔

### 4. کھاتوں کی بذریعہ ای میل ترسیل (اختیاری)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (6)223 کے مطابق جو حصہ داران سالانہ رپورٹ اور اجلاس عام کا نوٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی رضامندی سٹینڈرڈ درخواست فارم پر دیں جو کہ کمپنی کی ویب سائیٹ www.escortsbank.net پر موجود ہے۔

### 5. ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق، لاہور کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں رہنے والے، اور مجموعی طور پر کل اداشدہ شیئر کیپیٹل کا کم از کم 10 فیصد رکھنے والے شیئر ہولڈرز کمپنی سے شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ میٹنگ میں ویڈیو لنک کی سہولت کا مطالبہ شیئر رجسٹرار کو یہاں دیئے گئے پتے پر میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے سالانہ رپورٹ میں فراہم کردہ معیاری فارم جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ: www.escortsbank.net پر بھی دستیاب ہوگا۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے 03 مارچ 2021 کو جاری کردہ سرکلر نمبر 6 کے ذریعے جاری کردہ رہنمائی کی تعمیل میں، کمپنی نے شیئر ہولڈرز کے لیے اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ میٹنگ میں حاضری کی رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد ان کے گھر یا کوئی آسان جگہ۔ ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ میٹنگ کے انعقاد کے وقت سے 48 گھنٹے

پہلے کمپنی سیکرٹری کی ای میل Kamran.chughtai@escortsbank.net پر اپنی درج ذیل تفصیلات جمع کر کے رجسٹر کریں۔ میٹنگ میں شرکت کا لنک شیئر ہولڈرز کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیجا جائے گا۔شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ نیچے دیے گئے جدول کے مطابق تفصیلات بھریں۔

| ای میل ایڈریس | کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر یا سی ڈی سی اکاونٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | موبائیل نمبر | شیئر ہولڈر کا نام |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

لاگ ان کی سہولت 28 اکتوبر 2024 کو صبح 9:55 بجے کھولی جائے گی، جس سے شرکاء کارروائی میں شامل ہو سکیں گے۔

### 6. پتے کی تبدیلی

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر مطلع کریں۔ حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ (i) متعلقہ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے شرکاء اور (ii) فزیکل سیکیورٹیز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ معلومات/ دستاویزات فراہم کریں۔

### 7. فزیکل شیئرز کی سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 72 کے تقاضوں کی تعمیل میں، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی پر لازم ہوگا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں ایک مخصوص طریقہ کار کے مطابق منتقل کرے جس کی مدت کمپنیز ایکٹ کے اجراء یعنی 30 مئی، 2017 سے چار سال سے زیادہ نہ ہو۔

فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ یہ اراکین کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا جن میں حصص کی محفوظ تحویل، حصص کا نقصان سے بچاؤ، ڈپلیکیٹ حصص کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے گریز اور حصص کی اوپن مارکیٹ میں بہتر نرخوں پر خرید و فروخت کے لیے دستیابی۔

### 8. آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ویب سائیٹ پر دستیابی

کمپنی نے 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، بمعہ آڈیٹر اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کا جائزہ اور میٹنگ کا نوٹس اپنی ویب سائٹ: www.escortsbank.net پر دستیاب ہے۔

### 9. انتخاب کا طریقہ کار برائے خصوصی امور

ممبران کو از ایں مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز") میں ترمیم شدہ نوٹیفکیشن مورخہ 05 دسمبر 2022، کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایات دی ہیں کہ وہ اپنے ممبران کو تمام خصوصی امور میں رائے دہی کا حق استعمال کرنے کے لیے الیکٹرانک اور پوسٹل ووٹنگ کی سہولت فراہم کریں۔

اس کے مطابق، Escorts Investment Bank Limited ("کمپنی") کے اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنے یا خصوصی کاروبار کے لیے 28 اکتوبر 2024 کو صبح 10 بجے ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں مذکورہ ریگولیشن کی شرائط و ضوابط کے مطابق ڈاک اور الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے رائے دہی کی سہولت ہوگی۔

#### ا) ای ووٹنگ کا طریقہ کار

I. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر، موبائیل نمبر، اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں مورخہ 21 اکتوبر 2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک دستیاب ہوں گے

II. ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز میسرز جمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

III. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے فراہم کردہ کوڈ کے ذریعے کی جائے گی۔

IV. ای ووٹنگ لائنیں 24 اکتوبر 2024 سے شروع ہوں گی اور 27 اکتوبر 2024 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

#### ب) پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک نقل کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، سالانہ اجلاس عام سے ایک دن پہلے یعنی 27 اکتوبر 2024 کو شام 5 بجے تک، کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، رجسٹرڈ آفس، گراؤنڈ فلور، 26 ڈیوس روڈ، لاہور یا chairman@escortsbank.net پر ای میل کریں۔ یہ پوسٹل پول پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.escortsbank.net سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بھی دستیاب ہے۔ براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے یا ووٹنگ میں کسی بھی تنازعہ کی صورت میں، چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

**ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ: میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت آئیندہ اجلاس عام میں ہونے والے خصوصی امور سے متعلق مطلوبہ مادی حقائق کا بیان مندرجہ ذیل ہے:**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4- کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی ممبران کو ترسیل بذریعہ کوئیک ریسپانس (QR) کیو آر کوڈ اور ویب لنک کی منظوری**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O، 2023/(1)389 مورخہ 21 مارچ 2023، کے تحت کمپنیوں کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو CD/DVD/USB کے بجائے QRQuick Code) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین/حصص یافتگان کو ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ ٹیکنالوجی میں فوائد کے زیادہ سے زیادہ استعمال اور ماحولیات اور پائیداری کے لیے کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کو پورا کرنے پر غور کرتے ہوئے، ممبران کے لیے سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور اس میں موجود دیگر رپورٹس) کی ترسیل کے لیے منظوری طلب کی جا رہی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی ضروریات کے مطابق میٹنگ کا نوٹس ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ایڈریس پر بھیجا جائے گا جس میں QR کوڈ اور ویب لنک ایڈریس ہوں گے، تاکہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو معہ رپورٹس اور دستاویزات جو ایکٹ کے تحت اس کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے کو ایک ساتھ دیکھا اور ڈاؤن لوڈ کیا جا سکے۔

کمپنی مکمل مالیاتی گوشواروں کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ ہارڈ کاپی میں شیئر ہولڈرز کو، ان کے رجسٹرڈ پتے پر، ایک ہفتے کے اندر مفت بھیجے گی، اگر ممبر نے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب فارم پر درخواست کی ہو۔

مندرجہ بالا خصوصی امور میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کی ذاتی دلچسپی نہیں ہے سوائے استعداد کار کے جو کہ ایک ممبر یا ڈائریکٹر کے طور پر اُن کو تفویض کی گئی ہے۔